09/02/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر مینمسرت شاہ

ایل جی

لیفٹنٹ گورنرمنوج سنہا،جو شری ماتا ویشنو دیوی شرائن بورڈ کے چیر مین بھی ہیں نے کل لوک بھون جموں میں شرائن بورڈ میٹنگ کی صدارت کی۔میٹنگ کے دوران ماتا ویشنو دیوی استھاپن کو ملک کا ایک عمدہ اور انتہائی متحرک استھاپن بنانے کے ساتھ ساتھ اس کے گرد نواح کے علاقے کومزید جاذب نظر بنانے کیلئے متعدد فیصلوں کوحتمی شکل دی گئی۔ استھاپن کی بدولت کٹڑہ شہر کے عالمی نقشے پر آنے کے بعد بورڈ نے کٹڑہ شہر کی بہتری کیلئے براہ راست رول ادا کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ لئے گئے فیصلوں کے مطابق کٹڑہ کو صاف ستھرا ، متحرک اور مقامی باشندوں نیز یاتریوں کیلئے تمام تر جدید سہولیات دستیاب رکھی جائینگی۔اس کے علاوہ جموں خطے میں کھیلوں کو بڑھاوا دینے کے کام کی قیادت شرائن بورڈ کرے گا تاکہ جمونکشمیر کے نوجوانوں کو کھیل کود کے قومی مقابلوں کیلئے تیار کیا جا سکے۔ایک اور اہم پہل میں بورڈ نے خالی اسامیوں کو پُر کرنے کا فیصلہ کیاہے جس کیلئے بھرتی کا عمل عنقریب ہی شروع کیا جائے گا۔

ستیش شرما

کھیل کے وزیر ستیش شرما نے کہا ہے کہ کھیل نوجوانوں میں نظم و ضبط، اعتماد اور حوصلہ پیدا کرتے ہیں اور ایک مضبوط و ترقی یافتہ معاشرے کی بنیاد رکھتے ہیں۔ وہ ایک نجی اسکول کے سالانہ اسپورٹس ڈے کے موقعے پر اظہار خیال کر رہے تھے۔انہوں نے کہا کہ اسپورٹس ڈے جیسے پروگرام نصابی تعلیم کے ساتھ ہمہ جہت شخصیت سازی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کھیلوں میں دلچسپی رکھنے والے نوجوانوں کو باصلاحیت کھلاڑی بنانے کیلئے حکومت کی تمام تر انتظامات کئے جانے کے عزم کا اعادہ کیا۔

فروٹ گرورس

دی کشمیر ویلی فروٹ گرورس کم ڈیلرس یونین نے جموں کشمیر اسمبلی مینحال ہی مینپیش کئے گئے یو ٹی بجٹ کااگر چہ مجموعی طو رپر خیر مقدم کیا ہے تاہم اس نے وادی کے ہر ضلع میں کولڈ سٹوریج کے ساتھ ہارٹیکلچر اسٹیٹ قائم کرنے کی مانگ کو دُہرایا ہے۔اس تعلق سے فروٹ گرورس یونین کے چیرمین بشیر احمد بشیر نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا۔

سائبر فراڈ

جموں میں سائبر فراڈ کے ایک بڑے معاملے میں کرائم برانچ کے پولیس اسٹیشن سی آئی سی ای نے فوری کارروائی کرتے ہوئے متاثرہ شہری کے تقریباً چالیس لاکھ روپے بچا لیے۔ ریٹائرڈ ایئر فورس افسر نے ”ڈیجیٹل اریسٹ“ کے نام پر ہونے والی آن لائن دھوکہ دہی کی شکایت درج کرائی تھی، جس میں اُن سے 52 لاکھ 90ہزار روپے ہتھیا لیے گئے تھے۔پولیس نے محض تین گھنٹوں میں مشتبہ بینک کھاتوں کا سراغ لگا کر رقم کو منجمد کر دیا۔ اس کارروائی میں مجموعی طور پر 39 لاکھ 90 ہزار روپے محفوظ کر لیے گئے۔

ڈوڈہ

ضلع ڈوڈہ کے سیاحتی مقام لال درامن میں ضلع انتظامیہ ڈوڈہ نے محکمہ سیاحت، اور بھارتی فوج کے اشتراک سے ونٹر میگا فیسٹیول 2026کا کامیاب انعقاد کیا۔ ڈپٹی کمشنر ہروِندر سنگھ کی رہنمائی میں منعقد اس میلے میں مقامی لوگوں اور سیاحوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔تقریب کا آغاز روایتی انداز میں کیا گیا۔ میلے میں مختلف سرکاری محکموں اور مقامی لوگوں نے اسٹال لگائے تھے جبکہ مقامی فنکاروں نے رنگارنگ ثقافتی پروگرام پیش کئے ۔

زبیر سلیم

عمر ڈھلنے کے ساتھ ساتھ بزرگوں مینوزن کم ہونے ، تھکان اور خون میں کمی وغیرہ جیسی شکایات کینسر کی علامات ہو سکتی ہیں۔

اس بارے میں معروف معالج اور بزرگوں کے طبی مسائل کے ماہر ڈاکٹر زبیر سلیم نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہاہے کہ اس صورتحال میں بزرگوں کو طبی جانچ کروانی چاہیے۔

اطلاع

عوامی مسائل پر مبنی ہفتہ وار پروگرام شہر شہر منظر کے لئے فون کالز کی ریکارڈنگ آج اور کل صبح ساڑھے دس بجے سے بارہ بجے تک فون نمبر 0194-2452019 پر ہو رہی ہے ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت1اعشاریہ1 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت10اعشاریہ8 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ